17-11-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......سعودی عرب میں پیش آئے ایک المناک بس حادثے میں حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے کم از کم 42 عازمین عمرہ جاں بحق ہوگئے۔ تلنگانہ کابینہ نے متاثرہ خاندانوں کو پانچ لاکھ روپئے ایکس گریشیا دینے کا اعلان کیا ہے۔

......ریاستی کابینہ نے وزیر اقلیتی بہبود محمد اظہر الدین کے علاوہ ہر متاثرہ خاندان سے دو افراد کو سعودی عرب روانہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

......سپریم کورٹ نے آج تلنگانہ اسمبلی اسپیکر سے کہا ہے کہ بی آر ایس کے دس منحرف ارکان اسمبلی کی نا اہلی سے متعلق درخواست پر آئندہ ہفتے تک فیصلہ کرلیا جائے۔

......محکمہ موسمیات نے ایلو الرٹ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریاست کے کئی مقامات پر کم سے کم درجہ حرارت چار سے پانچ ڈگری سیلیس رہ سکتا ہے۔

BUS ACCIDENT

سعودی عرب میں پیش آئے ایک المناک بس حادثے میں حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے کم از کم 42 عازمین عمرہ جاں بحق ہوگئے۔45۔ مسافرین پر مشتمل یہ بس بدر اور مدینہ منورہ کے درمیان مفارا حت کے مقام پر حادثہ کا شکار ہوئی۔جس میں 43 عازمین عمرہ اور دو مقامی افراد سوار تھے۔ یہ حادثہ سعودی عرب کے وقت کے مطابق تقریباً گیارہ بجے شب پیش آیا۔ عازمین عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد مدینہ شریف کے لئے روانہ ہو رہے تھے تب ہی بس ایک ڈیزل ٹینکر سے ٹکرا گئی اور فوری طور پر شعلہ پوش ہوگئی۔اطلاعات کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں 20 خواتین اور 11 بچے شامل ہیں۔اور ان تمام کا تعلق شہر حیدرآباد سے ہے۔اس حادثے میں 25 سالہ ایک شخص محفوظ رہا۔ جو اس وقت زیر علاج ہے۔سعودی عرب کی سیول دفاعی ٹیمیں مقام حادثہ پر پہونچیں اور آگ کو بجھایا۔تاہم اس وقت تک آگ کی بھیانک شدت کی وجہ سے لاشیں پوری طرح خاکستر ہو چکی تھیں۔ ہندوستانی سفیر برائے سعودی عرب صورتحال پر شخصی طور پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔وہ سعودی عرب کے حکام اور حکومت تلنگانہ کے ساتھ ربط میں ہیں۔ ہندوستانی سفارتخانہ بھی سعودی کی وزارت حج وعمرہ کے ساتھ قریبی ربط میں ہے۔ لاشوں کو مدینہ کے چار مختلف دواخانوں میں رکھا گیا ہے جن میں سعودی جرمن ہاسپٹل ۔ کنگ فہد ہاسپٹل ۔ میخاب ہاسپٹل اور پرنس سلطان ملٹری ہاسپٹل شامل ہیں۔ مدد اور دیگر امور کے لئے ہندوستانی سفارتی عملے کو چاروں ہاسپٹلوں پر متعین کیا گیا ہے۔اسی دوران تلنگانہ کی ریاستی حکومت نے حیدرآباد کے سکریٹریٹ میں ایک کنٹرول قائم کیا ہے۔جس کے نمبرات

91-7997959754

او

ر9912919545

ہیں۔اس کے علاوہ دہلی میں واقع تلنگانہ بھون میں بھی ایک کنٹرول قائم کیا گیا ہے۔اس کنٹرول روم کے نمبرات

9871999044

9958322143

اور

9643723157

ہیں۔ریاستی حکومت کے سینئر عہدیدار ریاض میں واقع ہندوستان سفارتخانے کے ساتھ ربط میں ہیں۔وزیراعظم نریندرمودی۔تلنگانہ کے گورنر جینشو دیو ورما۔ وزیراعلی ریونت ریڈی۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے اس المناک حادثے پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔گورنر نے ریاستی حکومت کو ہدایت دی ہے کہ متاثرہ خاندانوں کو درکار تمام تر مدد فراہم کرنے کے لئے فوری طور پر اقدامات کئے جائیں۔اور متعلقہ عہدیداروں کے ساتھ مناسب تال میل کو یقینی بنایا جائے۔

ADD BUS ACCIDENT

پبلک پرائزس اور اقلیتی بہبود کے ریاستی وزیر محمد اظہرالدین نے آج کہا ہے کہ وہ صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں جبکہ حکومت اس بات کو یقینی بنائے گی کہ متاثرین کے خاندانوں سے تعلق رکھنے والے کم ازکم ایک شخص کو سعودی عرب روانہ کیا جائے۔اظہرالدین نے اس حادثے کو غیر متوقع اور انتہائی افسوسناک قرار دیا۔

CABINET

تلنگانہ ریاستی کابینہ نے شہیدوں کے ہر خاندان کو پانچ لاکھ روپئے ایکس گریشیا دینے کا اعلان کیا ہے۔کابینہ نے اقلیتی بہبود کے وزیر محمد اظہرالدین اور مجلس اتحادالمسلمین کے ایم ایل اے کے علاوہ محکمہ اقلیتی بہبود کے ایک سینئر عہدیدار کو سعودی عرب روانہ کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔اس کے علاوہ یہ فیصلہ بھی کیا گیا ہے کہ ہر متاثرہ خاندان سے تعلق رکھنے والے دو افراد کو سعودی عرب روانہ کیا جائے تا کہ وہ آخری رسومات میں شرکت کرسکیں۔وزیراعلی ریونت ریڈی کی زیرصدارت ریاستی کابینہ اجلاس اس وقت سکریٹریٹ میں جاری ہے۔یہ میٹنگ اس لئے بھی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ توقع ہے کہ میٹنگ کے دوران ریاست میں ادارہ جات مقامی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کیا جاسکتا ہے۔

SC SPEAKER

سپریم کورٹ نے آج تلنگانہ اسمبلی کے اسپیکر پرسادکمار سے کہا ہے کہ بی ار ایس کے دس منحرف ارکان کے معاملے میں نااہل قرار دینے

جانے کی درخواستوں کی سماعت آئندہ ہفتے تک مکمل کرلی جائے۔ سپریم کورٹ نے یہ بات بھی واضح کی کہ یا تو اس معاملے کا قطعی فیصلہ کیا جائے یا پھر تحقیر عدالت کا سامنا کیا جائے۔ چیف جسٹس بی ار اگوائی کی زیر صدارت بینچ نے جس میں جسٹس ونود چندرن۔ اورانجاریا شامل ہیں، بی ار ایس لیڈر کوشک ریڈی۔ کی جانب سے داخل کردہ ایک درخواست کی سماعت کی۔ کوشک ریڈی نے الزام عائد کیا ہے کہ اسپیکر، ایپکس عدالت کے احکام کے مطابق اقدامات کرنے میں ناکام رہے ہیں۔

PIRACY

حیدرآباد پولیس نے آج یہ بات افشاء کی ہے کہ روی نامی ایک شخص ڈیجیٹل قزاقی میں ملوث تھا۔ اور فلموں کی ویب سائٹ۔ ایبوما۔ کے ذریعہ غیر قانونی طور پر فلموں کی قزاقی کررہا تھا۔ اس نے مبینہ طور پر ہالی ووڈ کی 1972 کی کلاسیک۔ دی گارڈ فادر۔ سے لے کر ٹالی ووڈ کی حالیہ ریلز فلم۔ او جی۔ تک تقریباً 21 ہزار فلموں کی قزاقی کی۔ حیدرآباد میں آج میڈیا سے بات کرتے ہوئے پولیس کمشنر وی سی سجنار نے کہا کہ روی نہ صرف بڑے پیمانے پر پائریسی کا نیٹ ورک چلا رہا تھا بلکہ آن لائن جوے بازی کے پلیٹ فارمس کی بھی پشت پناہی کرتا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ اس سلسلے میں 65۔ ویب سائٹس بنائے گئے تھے جبکہ پولیس نے اس کے ہارڈ ڈیسک سے تقریباً 21 ہزار فلمیں ضبط کیں۔ ان کے مطابق ملزم نے قزاقی کے ذریعہ تقریباً 20 کروڑ روپئے کمالیئے تھے۔ پولیس نے اب تک اس کے قبضے سے تین کروڑ روپئے ضبط کرلئے ہیں۔ سجنار نے بتایا کہ اس کیس کو سی بی آئی اور ای ڈی کے حوالے کیا جائے گا۔

LOK ADALAT WARANGAL

ورنگل پولیس کمشنر سن پریت سنگھ نے آج بتایا کہ کمشنریٹ کے حدود میں منعقدہ خصوصی لوک عدالت کے دوران پانچ ہزار سے زائد مقدمات کی یکسوئی کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ عدالت نے سائبر کرائم کے کیس کے تحت 89 لاکھ روپئے رقم متعلقہ افراد کو واپس کردینے کی ہدایت دی۔ کمشنر نے مزید بتایا کہ اس دوران ایک ہزار سے زائد ایف آئی آر کیس۔ موٹر وہیکل ایکٹ کے تحت ڈھائی ہزار سے زائد اور پیٹی کیس کے تحت ب 1200 مقدمات کی یکسوئی کی گئی۔

VANDE MATRAM

منچریال کے علاقے مارکٹ روڈ پر آج قومی نغمہ وندے ماترم کو پڑھا گیا۔ بی جے پی کے ریاستی نائب صدر رگھوناتھ ایرابلی۔ نے اس نغمہ کو لکھے جانے کے 150 سال کی تکمیل کے موقع پر اس پروگرام کا اہتمام کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس موقع پر طلبا اور سماجی جہد کاروں کے علاوہ عوام کی بڑی تعداد نے اس پروگرام میں شرکت کی۔

SIRCILLA HEALTHH

سرسلہ کی ڈسٹرکٹ ہیلتھ اینڈ میڈیکل آفیسر ڈاکٹر رجیتا نے آج عوام سے کہا ہے کہ بچوں کے لئے مرکزی حکومت کی ہیلتھ اسکیمات اور ٹیکہ اندازی پروگراموں سے استفادہ کریں۔ ضلع ہیڈکوارٹرس پر منعقدہ مختلف پروگراموں کے دوران خطاب کرتے ہوئے انہوں نے پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کی ٹیکہ اندازی پر زور دیا۔

WEATHER

حیدرآباد محکمہ موسمیات کے مرکز نے انتباہ دیا ہے کہ آئندہ دو دن کے دوران ریاست کے بعض علاقوں میں کم از کم درجہ حرارت معمول سے چار تا پانچ ڈگری سیلسس کم رہ سکتا ہے۔ موسمیات کے عہدیداروں نے آئندہ دو دن کے لئے یلوالرٹ جاری کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ عادل آباد۔ آصف آباد۔ نرمل۔ سنگاریڈی۔ میدک اور کاماریڈی۔ اضلاع میں بعض مقامات پر سردی کی لہر کے برقرار رہنے کا قوی امکان ہے۔

ISRO

ہندوستانی خلائی تحقیقی ادارہ (اسرو) ایک اہم سال کی تیاری کر رہا ہے جیسا کہ وہ مالی سال کے ختم ہونے سے پہلے مزید سات خلائی گاڑیاں روانہ کرے گا۔ جن میں ایک کمرشل کمیونیکشن سٹلائٹ اور مختلف پی ایس ایل وی۔ اور جی ایس ایل وی مشن شامل ہیں۔ اسرو کے چیرمین نارائن نے ایک انٹرویو میں اس بات کی توثیق کی کہ حکومت نے چندرائن فور کے علاوہ جاپان کے تعاون سے مشترکہ پراجکٹ۔ لوپیکس۔ کو منظوری دی ہے۔ اسرو کا مقصد ہے کہ تین سال کے اندر تہری خلائی گاڑیاں روانہ کی جائیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس سلسلے میں کام شروع ہو چکا ہے۔ جبکہ اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے سال 2035 تک کا نشانہ رکھا گیا ہے۔ ہندوستان کا پہلا خلائی طیارہ 2027 میں روانہ کیا جائے گا۔

STUDENTS

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے طلبا کے ایک وفد کے ساتھ ملاقات کے دوران مقاصد کے حصول کے لئے تعلیم۔ سخت محنت۔ اور عزم و حوصلہ کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ پی ایم شری۔ زیڈ پی ایچ ایس۔ گجولا پیٹ سے تعلق رکھنے والے طلبا کو اساتذہ کے ایک وفد نے اپنے اپنی تعلیمی دورے کے تحت دہلی میں واقع راشٹرا پتی بھون کا دورہ کیا اور صدر جمہوریہ کے ساتھ بات چیت کی۔

IITF NAIDU

شہری ہوابازی کے مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے آج کہا ہے کہ ملک کا شمار اب دنیا کی تیسری بڑی شہری ہوابازی مارکٹ میں شمار ہوتا ہے۔ جس سے ملک کی تیزی سے ترقی پذیر معیشت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ وزیر نے یہ بات نئی دہلی میں اس وقت کہی جب انہوں نے 44 ویں انڈیا انٹرنیشنل ٹریڈ فیئر میں ایئرپورٹس اتھاریٹی آف انڈیا کے پویلین کا افتتاح کیا۔ انہوں نے بچوں میں شہری ہوابازی کی معلومات عام کرنے پر زور دیتے ہوئے مستقبل میں آنے والی نسل کے لئے ٹیکنیکی معلومات اور افرادی قوت کی صلاحتوں کو اجاگر کرنے کی بھی بات کہی۔

byte Ram mohan naidu